KATHY HOCHUL گورنر | **فوری ریلیز کے لیے: 2023/27/2**

گورنر HOCHUL کا پیر کی شام سے ریاست کے مشرقی حصوں میں موسم سرما کے باعث متوقع شدید برفباری سے قبل احتیاطی تدابیر اپنانے پر زور

توقع ہے کہ ایک فٹ تک بھاری مقدار میں برفباری پیر کی شام کو شروع ہو کر منگل تک جاری رہے گی جس سے دارالحکومت، مڈ ہڈسن، موہاک ویلی، وسطی نیو یارک، شمالی ملک اور جنوبی سلسلے کے خطوں کے متاثر ہونے کا امکان ہے؛ نیو یارک شہر میں چھ انچ تک برف کے ساتھ ساتھ ریاست بھر میں کم از کم ایک سے دو انچ برف باری کا امکان ہے

پیر کی شب کو فنگر لیکس، لانگ آئی لینڈ، نیو یارک شہر اور مغربی نیو یارک کے خطوں میں ایک انچ فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ کی رفتار سے برفباری اور 40 میل فی گھنٹہ تک کی رفتار سے تیز ہوا کے جھکڑ کے ساتھ جم جانے والی بارش متوقع ہے

گورنر Hochul کی نیو یارک کے باشندوں کو موسم کی پیشن گوئی پر نظر رکھنے اور پیر کی شام اور منگل کو سفر کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی تاکید

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے باشندگان پر زور دیا ہے کہ وہ ضروری حفاظتی تدابیر اختیار کر لیں کیونکہ توقع ہے کہ موسم سرما کا ایک طوفان ریاست کے بڑے حصے کو اپنی لپیٹ میں لے گا، جس سے پیر کی شب دارالحکومت، مڈ ہڈسن، موہاک ویلی، وسطی نیو یارک، شمالی ملک اور جنوبی سلسلے کے خطے میں مختلف حصوں میں شدید برف باری اور تیز ہوائیں چلیں گی۔ پیر کی شب کو برفباری کا آغاز ہو گا جو رات بھر مسلسل جاری رہے گی اور ریاست بھر میں درمیانے سے بھاری درجے کی برف پڑنے کا سبب بنے گی، اس دوران برفباری کی شدت ایک انچ فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ تک بڑھ جانے اور 40 میل فی گھنٹہ تک کی رفتار سے ہوا کے جھکڑ چلنے کا امکان ہے۔ ریاست بھر میں کم از کم ایک سے دو انچ تک برف باری، نیز فنگر لیکس، لانگ آئی لینڈ، نیو یارک شہر اور مغربی نیو یارک کے خطوں میں چھ انچ تک برف پڑنے اور کہیں کہیں جمنے والی بارش کا امکان ہے۔ ان حالات کی وجہ سے متاثرہ علاقوں میں پیر کی شام اور بالخصوص منگل کی صبح سفر کے لیے خطرناک صورتحال پیدا ہو گی۔ بھاری اور گیلی برف کی وجہ سے مقامی سطح پر بجلی کی بندش ہو سکتی ہے۔ گورنر Hochul نے نیو یارک کے باشندوں کو اپنے مقامی موسم کی پیشنگوئی پر نظر رکھنے، نیز اگر وہ پیر کی شب اور منگل کو سفر کر رہے ہیں تو ایسے میں انہیں موسمی صورت حال میں تبدیلیوں کے لیے تیار رہنے کی تاکید کی ہے۔

"برفباری یا برفانی بارش اور تیز ہواؤں کے مجموعے پر مبنی موسم سرما کا ایک اور طوفان آج شب شروع ہو گا اور زیادہ تر ریاست کو متاثر کرے گا جس کے نتیجے میں منگل کی صبح کو ریاست کے مشرقی حصوں میں سفر متاثر ہو گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاست کی ایجنسیاں ہنگامی ردعمل دینے کے اثاثوں کو تیار کر رہی ہیں اور ہم طوفان سے قبل، اس کے دوران اور بعد میں مقامی حکومتوں کی معاونت کے لیے تیار ہیں۔ میں ہر ایک پر زور دیتی ہوں کہ وہ اس ہفتے موسم پر نظر رکھے اور خود کو محفوظ رکھے۔"

ریاست نیو یارک میں داخلی سلامتی اور ہنگامی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا کہ، "آج رات سے شروع ہونے والی بھاری برفباری اور تیز ہوائیں ہماری ریاست کے بہت سے خطوں کو متاثر کریں گی جن میں سے بعض

خطوں میں جم جانے والی بارش ہو گی جو کہ پیر کی شام اور منگل کو سفر خطرناک بنا دے گی۔ اگر آپ کو آئندہ دو دن کے اندر لازماً سفر کرنے کی ضرورت ہے تو، تبدیل ہوتی موسم کی صورتحال سے باخبر رہیں اور اپنے سفر کے اوقات کار میں اضافی وقت شامل کریں تاکہ محفوظ رہ سکیں۔"

فی الحال دارالحکومت، مڈ ہڈسن، موہاک ویلی، وسطی NY، شمالی ملک اور جنوبی سلسلے کے خطوں کے لیے منگل کی شب تک موسم سرما کا طوفان جاری رہنے کے بارے میں انتباہات جاری کیے گئے ہیں۔ ریاست بھر میں رونما ہونے والی اس موسمی صورتحال کے بارے میں دیگر انتباہات، مشاہدات اور مشورے بھی جاری کیے جا سکتے ہیں۔ اپنے علاقے میں موسمی انتباہات کی مکمل فہرست کے لیے، اپنے علاقے کی قومی موسمیاتی سروس کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

ایجنسی کی تیاریاں

ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز

ڈویژن موسم کی پیشنگوئی پر فعال طریقے سے نظر رکھے ہوئے ہے، نیز وہ موسمی صورتحال پر ریاست کے ردعمل میں معاونت کر رہا ہے۔ دفتر برائے انتظامِ ہنگامی حالات (Office of Emergency Management) کا عملہ مقامی حکام کے ساتھ رابطے میں ہے اور مقامی حکامت کی جانب سے معاونت کی درخواست کرنے پر سہولت کاری، نیز ضرورت پڑنے پر، ریاست کے ذخائر میں سے اثاثوں کی تعیناتی کے لیے تیار ہے۔

ڈیپارٹمنٹ آف پبلک سروس

نیو یارک کی یوٹیلیٹیز کے پاس تقریباً 6,300 کارکنان ہیں جو ریاست بھر میں موجود ہیں اور اس ہفتے ہونے والے موسم سرما کے واقعے میں نقصان کا جائزہ لگانے، ردعمل دینے، مرمت اور بحالی کی کوششوں کے لیے دستیاب ہیں۔ اس میں NYSEG سے حاصل کردہ اضافی 456 بیرونی لائن کارکنان، کون ایڈیسن سے حاصل کردہ 100 اضافی لائن کارکنان، اورنج اینڈ راکلینڈ سے حاصل کردہ 130 لائن کارکنان، اور قومی گرڈ سے حاصل کردہ 125 لائن کارکنان شامل ہیں۔ DPS کا عملہ اس سارے ہنگامی عرصے کے دوران یوٹیلیٹیز کے کام پر نظر رکھے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ یوٹیلیٹیز سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں عملے کو موزوں طور پر منتقل کریں۔

محکمہ ٹرانسپورٹیشن

ریاستی محکمۂ آمد و رفت ریاست بھر کے لیے دستیاب 3,614 سپروائزرز اور آپریٹرز کے ساتھ ردعمل دینے کے لیے تیار ہے۔ علاقائی عملہ اس وقت برف باری اور منجمد پانی میں ردعمل دینے اور تیاریوں سے متعلقہ سرگرمیوں میں مشغول ہے۔ اس واقعے کے دوران، تمام رہائشی مقامات پر کارروائیوں اور ترجیحی صفائی کی کارروائیوں کے لیے عملہ 7/24 دستیاب رہے گا۔
بحرانی علاقوں میں برف اور منجمد پانی کی سرگرمیوں میں مدد کے لیے، کل 59 نفوس پر مشتمل عملے کو تعینات کیا جا رہا ہے، جن میں 40 پلو ٹرک آپریٹرز، 5 سپروائزر، 13 آلات کے آپریٹر انسٹرکٹرز اور 1 حفاظتی ترجمان شامل ہیں۔ یہ حسبِ ذیل تقسیم کیے گئے ہیں:

کیپیٹل ریجن:

- 1 آلات کا آپریٹر انسٹرکٹر DOT کے مرکزی دفتر سے حاصل کیا جا رہا ہے۔

مڈ-ہڈسن

- 4 آلات کے آپریٹر انسٹرکٹرز اور 1 حفاظتی ترجمان موہاک ویلی سے حاصل کیا جا رہا ہے
- 10 پلو آپریٹرز، 2 سپروائزرز اور 2 آلات کے آپریٹر انسٹرکٹرز فنگر لیکس سے حاصل کیے جا رہے ہیں
- 15 پلو آپریٹرز، 1 سپروائزر اور 1 آلات کا آپریٹر انسٹرکٹر مغربی NY سے حاصل کیے جا رہے ہیں
- 5 پلو آپریٹرز اور 1 سپروائزر مغربی جنوبی سلسلے سے حاصل کیے جا رہے ہیں
- 2 آلات کے آپریٹر انسٹرکٹرز مشرقی جنوبی سلسلے سے حاصل کیے جا رہے ہیں
- 10 پلو آپریٹرز، 1 سپروائزر اور 3 آلات کے آپریٹر انسٹرکٹرز لانگ آئی لینڈ سے حاصل کیے جا رہے ہیں

ہنگامی صورتحال میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ، اضافی وسائل کی ضرورت کا دوبارہ جائزہ لیا جاتا رہے گا۔

برف اور منجمد پانی کے تمام دستیاب آلات کام کرنے کے لیے تیار حالت میں ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں فلیٹ مکینکس تمام مرکزی رہائشی مقامات پر بحالی و مرمت انجام دینے اور ٹرکس کو سڑک پر رواں رکھنے کے لیے 7/24 کام کریں گے۔ ریاست بھر کے سازوسامان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:

- 1609 بڑے پلو ٹرکس
- 156 میڈیم ڈیوٹی پلوز
- 52 ٹو پلوز
- 337 بڑے لوڈرز
- 36 سنو بلوورز

ٹو ٹرک کی خدمات مندرجہ ذیل مقامات پر فراہم کی جائے گی: I-81 (اونونڈاگا کاؤنٹی) اور زیریں ہڈسن ویلی صورتحال میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ اضافی ٹو ٹرکس کی ضرورت کا جائزہ لیا جاتا رہے گا۔

سفر کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے، موٹر سواروں کو 511 پر کال کرنا چاہیئے یا وزٹ کریں https://www.511ny.org/ یا m.511ny.org پر موجود ان کی موبائل سائٹ دیکھیں، جو کہ ریاست نیو یارک کی ٹریفک اور سفر کے بارے میں معلومات کا آفیشل ذریعہ ہے۔

تھرووے اتھارٹی
تھرووے اتھارٹی کا عملہ موسم کی پیشنگوئی پر نظر رکھے ہوئے ہے اور اپنے 677 دستیاب آپریٹرز اور سپروائزرز کے ساتھ ردعمل دینے کے لیے تیار ہے۔ پوری ریاست میں کے آلات کی تعداد اور وسائل مندرجہ ذیل ہیں:

- 363 بڑے اور میڈیم ڈیوٹی پلو ٹرکس
- 11 ٹو پلوز
- 68 لوڈرز
- 122,000 ٹن نمک استعمال کے لیے فوری دستیاب

تھرووے پر گاڑیاں چلانے والوں اور ان میں سوار افراد کو سردیوں کے موسمی حالات سے آگاہ کرنے کے لیے قابلِ ترمیم پیغامات والے اشاروں اور سوشل میڈیا کا استعمال کیا جا رہا ہے۔

تھرووے اتھارٹی گاڑی چلانے والوں کو اپنی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ترغیب دیتی ہے جو کہ iPhone اور Android ڈیوائسز کے لئے مفت دستیاب ہے۔ یہ ایپ موٹر گاڑی چلانے والوں کو ٹریفک کی حقیقی معلومات، لائیو ٹریفک کیمروں، اور دوران سفر راستہ تلاش کرنے کی معاونت تک براہ راست رسائی فراہم کرتی ہے۔ موٹر سوار TRANSalert کی ای میلز کے لیے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں جو تھرووے کے ساتھ ساتھ ٹریفک کی تازہ ترین صورتحال کے بارے میں آگاہ کرتی ہے۔

ریاستی پولیس
ریاستی پولیس حالات کی مسلسل نگرانی کرے گی اور ان علاقوں میں اضافی گشتوں کا انعقاد کرے گی جو طوفان سے نمایاں طور پر متاثر ہوئے ہیں۔ تمام فور وہیل ڈرائیو اور خصوصی گاڑیوں نے خدمات جاری رکھی ہوئی ہیں، بشمول یوٹیلیٹی ٹاسک گاڑیاں اور برف پر چلنے والی موبائل گاڑیاں۔

مددگار حفاظتی ٹوٹکے
سفر

- محفوظ ڈرائیونگ کے لیے چند اہم ترین تجاویز میں شامل ہیں:

- بلا ضرورت سفر نہ کریں۔
- پلوں پر احتیاط برتیں کیونکہ برف سڑکوں کی نسبت پل پر جلدی جم سکتی ہے۔
- اگر آپ پر سفر کرنا لازم ہے، تو دوران سفر یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی کار میں بقائے حیات کا سامان کمبل، بیلچہ، ٹارچ اور اضافی بیٹریز، اضافی گرم کپڑے، ٹائروں کی چینز، بیٹری بوسٹر کیبلز کا سیٹ، فوری توانائی کی حامل خوراکیں اور ہنگامی فلیگ کے طور پر استعمال کرنے کے لیے چمکدار رنگ کے کپڑوں کے ذخیرے موجود ہوں۔
- اگر آپ کے پاس سیل فون یا دو طرفہ ریڈیو سیٹ بطور دیگر مواصلاتی آلہ استعمال کے لیے دستیاب ہے، تو بیٹری کو چارج رکھیں اور جب بھی سفر کریں اپنے ساتھ رکھیں۔ اگر آپ برف میں پھنس جاتے ہیں، تو آپ مدد کے لیے کال کر سکیں گے، جان بچانے والے افراد کو اپنا محل وقوع بتا سکیں گے۔
- موسم سرما کے طوفانوں کے دوران اموات اور زخمیوں کی سب سے بڑی وجہ ٹرانسپورٹیشن کے حادثات ہیں۔ گاڑی چلانے سے قبل، یقینی بنائیں کہ آپ کی گاڑی برف اور پانی کے انجماد سے پاک ہے؛ واضح حدِ نگاہ اچھی ڈرائیونگ کی کنجی ہے۔ اپنے اسٹاپس کی منصوبہ بندی کریں اور کاروں کے درمیان زیادہ فاصلہ برقرار رکھیں۔ انتہائی ہوشیار رہیں اور یاد رکھیں کہ چھوٹے بچے برفانی تودوں میں غائب ہو سکتے ہیں۔ اپنی رفتار کو ہمیشہ سڑک اور موسمی حالات سے موافق رکھیں۔
- تمام سڑکوں پر گاڑی چلانے والے افراد کے لیے یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ سنو پلوز 35 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کرتے ہیں، جو کہ بہت سے معاملات میں مقرر کردہ رفتار کی حد سے کم ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ پھیلایا گیا نمک ڈرائیونگ لینز پر موجود رہے اور سڑک کے اطراف پر پھیل نہ جائے۔ اکثر اوقات بین الریاستی ہائی ویز پر، سنو پلوز ساتھ اطراف میں چلتے ہیں، کیونکہ یہ ایک وقت میں کئی لینز کو صاف کرنے کا سب سے موثر اور محفوظ طریقہ ہے۔
- گاڑی چلانے والے افراد اور پیدل سواروں کو یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ سنو پلو ڈرائیوروں کی دیکھنے کی حد محدود ہوتی ہے، اور سنو پلوز کا سائز اور وزن ان کا تیزی سے ہینڈل کرنا اور رکنا بہت مشکل بنا سکتا ہے۔ پلو کے پیچھے سے برف اڑنے سے حد نگاہ شدید طور پر کم ہو سکتی ہے یا دھند کی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔ گاڑی چلانے والے افراد کو سنو پلوز کو اوور ٹیک کرنے یا ان کے قریب ہو کر گاڑی چلانے کی کوشش نہیں کرنی چاہیئے۔ گاڑی چلانے والے افراد کے لیے گاڑی سنو پلوز کے پیچھے رکھنا جہاں سڑک صاف اور نمک زدہ ہو، زیادہ محفوظ ہے۔ جب سنو پلو کام کر رہا ہو تو اس کو کبھی اوور ٹیک کرنے کی کوشش نہ کریں۔

بجلی کی بندشیں

- علاقے میں مرمتی شیڈولز کے تعین کے لیے اپنے یوٹیلیٹی (دفتر) سے معلوم کریں
- سروس بحال ہونے پر سرکٹ اوورلوڈ سے بچنے کے لیے لائٹس اور آلات کو بند کریں یا پلگ سے نکال دیں؛ بجلی کب بحال ہوتی ہے، اس بات کی نشاندہی کرنے کے لیے ایک لائٹ آن رہنے دیں۔
- اگر سردی کے طوفان کے دوران گرمائش ختم ہو جائے، تو جن کمروں کی ضرورت نہیں ہے ان کو بند کر کے گرم رکھیں۔
- بجلی کی بندش کی اطلاع دینے کے لیے، کال کریں:
  - وسطی ہڈسن: 800-527-2714
  - کون ایڈیسن: 800-752-6633
  - نیشنل گارڈ: 800-867-5222
  - NYSEG: 800-572-1131
  - O&R: 877-434-4100
  - PSEG-LI: 800-490-0075
  - RG&E: 800-743-1701

تحفظ برائے حرارت

- متبادل گرمائش کے صرف اور صرف محفوظ ذرائع کا استعمال کریں جیسے کہ آتش دان، لکڑی یا کوئلے کا چھوٹا سوراخ دار چولہا یا منتقلی پذیر اسپیس ہیٹرز۔
- ہمیشہ مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کریں۔
- گرمائش کے متبادل ذرائع جیسے کہ آتش دان، لکڑی کا چولہا وغیرہ استعمال کرتے وقت ہمیشہ یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس مناسب ہواداری کا بندوبست ہو۔
- پردوں، تولیوں اور صافیوں کو گرم سطحوں سے دور رکھیں۔
- آگ بجھانے والا آلہ اور دھوئیں کی نشاندہی کرنے والے آلات موجود رکھیں اور یقینی بنائیں کہ وہ کام کر رہے ہوں۔
- اگر آپ مٹی کے تیل کے ہیٹرز اپنے معمول کے حرارتی فیول کی فراہمی کے لیے، یا حرارت حاصل کرنے کے ہنگامی ذریعہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں، تو درج ذیل حفاظتی تجاویز پر عمل کریں:
  - مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کریں۔
  - اپنے یونٹ کے لیے درست فیول کا استعمال کریں۔
  - جب یونٹ ٹھنڈا ہو تو دوبارہ فیول بھرنے کے لیے صرف اور صرف بیرونی جگہ استعمال کریں۔
  - ہیٹر کو فرنیچر اور دیگر آتش گیر اشیاء سے کم از کم تین فٹ دور رکھیں۔
  - ہیٹر استعمال کرتے وقت، آگ سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر کا استعمال کریں اور مناسب ہواداری کا خیال رکھیں۔

موسمیاتی تحفظ پر مزید تجاویز کے لیے، وزٹ کریں dhses.ny.gov/safety۔

ریاست نیو یارک میں طوفان سے قبل، اس کے دوران، یا بعد میں تمام غیر ہنگامی خدمات کے لیے، 211 پر کال کریں یا 211nys.org ملاحظہ کریں۔

داخلی سلامتی اور ہنگامی خدمات کے ڈویژن کے بارے میں

ڈویژن برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی اور ایمرجنسی سروسز، آفات اور دیگر ہنگامی حالات کو روکنے، ان سے بچاؤ کرنے، تیاری کرنے، سدباب کرنے، ان سے بحال ہونے اور کمی لانے کے لیے قیادت، رابطہ کاری اور مدد فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، DHSES کو Facebook پر، Twitter پر سرچ کریں یا وزٹ کریں dhses.ny.gov۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں